سوال

(1037) نفاس والی عورت پاک ہونے تک گھر سے نا نکلے؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا نفاس والی عورت کے لیے ضروری ہے کہ جب تک اس کے یہ دن پورے نہ ہو جائیں وہ گھر سے باہر نہیں جا سکتی ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

نفاس والی عورت کے احکام باقی عورتوں کی مانند ہیں۔ اگر ضرورت ہو تو اس کے لیے گھر سے باہر جانے میں کوئی حرج نہیں ہے۔ لیکن اگر کام نہ ہو تو سب ہی عورتوں کے لیے افضل یہ ہے کہ اپنے اپنے گھر ہی میں رہیں۔ اللہ عزوجل کا فرمان ہے:

وَقَرنَ فى بُيوتِكُنَّ وَلا تَبَرَّجنَ تَبَرُّجَ الجـٰهِلِيَّةِ الأولىٰ ... ٣٣ ... سورة الاحزاب

''اور اپنے گھروں میں ٹکی رہو اور سابقہ جاہلیت کے سے انداز میں اپنی زینت کا اظہار نہ کرتی پھرو۔''

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام و مسائل، خواتین کا انسائیکلوپیڈیا

صفحہ نمبر 728

محدث فتویٰ